## عدلیہ کے بحران کے حل کیلئے مولانا فضل الرحمان کی تجاویز پر سنجیدگی سے غور کیا جائے، الطاف حسین

## عدلیہ کے بحران کے حل کیلئے مولانا فضل الرحمان کا بیان وخیالات نہ صرف حق پرستانہ ہیں بلکہ اسلام، قانون، آئین اور انصاف کے اصولوں کے عین مطابق بھی ہیں

## عدلیہ کے بحران کے حل کیلئے جرا تمندانہ فارمولا پیش کرنے پر مولانا فضل الرحمان کو زبردست خراج تحسین

لندن۔۔۔5مئی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے عدلیہ کے موجودہ بحران کے حل کیلئے جمعیت علمائے اسلام کے رہنماء مولانا فضل الرحمان کے جرا تمندانہ بیان وخیالات کا خیر مقدم کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ عدلیہ کے بحران کے حل کیلئے مولانا فضل الرحمان کا بیان اور خیالات نہ صرف مکمل طور پر حق پرستانہ ہیں بلکہ اسلام، قانون، آئین اور انصاف کے اصولوں کے عین مطابق بھی ہیں۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ملک کے 98 فیصد غریب ومتوسط طبقہ کے عوام آٹے، گیس اور بجلی کی شدید قلت اور مہنگائی کے سبب پہلے ہی ذہنی اور سماجی مسائل کے کرب میں مبتلا ہیں جبکہ دوسری طرف بعض سیاسی عناصر عدلیہ کے بحران پر جو موٴقف اختیار کرکے محاذ آرائی پر مبنی آئندہ کا لائحہ عمل ترتیب دے رہے ہیں اس سے ملک کے لاکھوں فاقہ کش خاندان مزید کسمپرسی میں مبتلا ہوجائیں گے۔لہٰذا عدلیہ کے بحران کے حل کیلئے مولانا فضل الرحمان کی تجاویز پر سنجیدگی سے غور کیا جائے اسی میں آئینی، جمہوری اور اسلامی اصولوں کے مطابق بھوک وافلاس کا شکار ملک کے کروڑوں عوام کی نجات ہے۔

آخر میں جناب الطاف حسین نے عین اسلامی اور بین الاقوامی مسلمہ اصولوں کے مطابق مولانا فضل الرحمان کی جانب سے عدلیہ کے بحران کے حل کیلئے جرا تمندانہ فارمولا پیش کرنے پر انہیں زبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔ جناب الطاف حسین نے مطالبہ کیا کہ عدلیہ کے بحران کے حل کے حوالہ سے مولانا فضل الرحمان کے بیان کو ملک کے معروضی حالات کے پس منظر میں دیکھا جائے تاکہ خیال وخواب کی دنیا سے نکل کر اصل حقائق کی روشنی میں فیصلے کئے جاسکیں۔

## ایم کیوایم ٹنڈو الہیار زون کے جوائنٹ انچارج ارشاد صبح کے والد کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔5مئی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم ٹنڈو الہیار زون کے جوائنٹ انچارج ارشاد صبح کے والد اللہ بچایو صبح پوٹو کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔اپنے تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگوار لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔(آمین) دریں اثناء ایم کیوایم کی اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی اور ایم کیوایم ٹنڈو الہیار کی زونل کمیٹی کے ارکان نے بھی ارشاد صبح کے والد اللہ بچایو صبح پوٹو کے انتقال پر گہرے دکھ کا اظہار کرتے ہوئے مرحوم کی مغفرت اور سوگوار لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کی ہے۔

## خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت کل سے سہ روزہ انسداد پولیو مہم شروع کی جائے گی

کراچی۔۔۔5مئی2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے فلاحی ادارے خدمت خلق فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام پولیو کے موذی مرض کے خاتمے کیلئے انسداد پولیو کی سہ روزہ مہم کل بروز منگل سے شروع کی جائے گی اور بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔خدمت خلق فاؤنڈیشن کے تحت بچوں کو پولیو کے ویکسین کے قطرے پلانے کیلئے انتظامات مکمل کر لئے گئے ہیں اور انسداد پولیو کی سہ روزہ مہم کے دوران خدمت خلق فاؤنڈیشن کی جانب سے کراچی میں نذیر حسین میڈیکل سینٹر واسپتال فیڈرل بی ایریا، خورشید بیگم میڈیکل سینٹر واسپتال پاک کالونی، کراچی کے مختلف علاقوں میں قائم خورشید بیگم فلاحی ڈسپنسریوں اور حیدرآباد میں خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ذیلی شاخ سمیت مختلف مراکز پر بچوں کو پولیو ویکسین کے قطرے پلائے جائیں گے۔دریں اثناء ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے جوائنٹ انچارج اور حق پرست صوبائی وزیر اوقاف عبدالحسیب نے خورشید بیگم میڈیکل سینٹر واسپتال کا دورہ کیا اور انسداد پولیو مہم کے انتظامات کا جائزہ لیا۔اس موقع پر خورشید بیگم میڈیکل سینٹر واسپتال کے انچارج عبدالقادر لاکھانی بھی موجود تھے۔عبدالحسیب نے والدین سے اپیل کی کہ وہ خدمت خلق فاؤنڈیشن کی سہ روزہ انسداد پولیو مہم سے بھرپور استفادہ کریں اور اپنے بچوں کو پولیو کے مرض سے تحفظ دلانے کیلئے پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں۔

## مسئلہ کشمیر پر متحدہ قومی موومنٹ کی پالیسی دوٹوک ہے، طاہر کھوکھر

## آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر کی کراچی کے علاقے محمود آباد، اختر کالونی اور منظور کالونی کے معززین سے گفتگو

کراچی۔۔۔5، مئی 2008ء

آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں متحدہ قومی موومنٹ کے پارلیمانی لیڈر محمد طاہر کھوکھر نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم ماضی کی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے سندھ اور پاکستان بھر میں مقیم کشمیریوں کے حقوق کا بھرپور تحفظ کرے گی اور ان کے اہم ترین مسائل کے حل کیلئے اپنا عملی کردار ادا کرے گی۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز کراچی کے علاقے محمود آباد، اختر کالونی اور منظور کالونی میں مقیم کشمیری عوام سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں حق پرست رکن اسمبلی سلیم بٹ بھی موجود تھے۔ طاہر کھوکھر نے کہا کہ مسئلہ کشمیر پر متحدہ قومی موومنٹ کی پالیسی دوٹوک ہے اور ایم کیو ایم چاہتی ہے کہ مسئلہ کشمیر کا حل کشمیری عوام کی امنگوں اور خواہشات کے مطابق کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم معاشرہ میں عدل وانصاف اور مساوات قائم کرنے کے علاوہ ایک عام شہری کا معیار زندگی بلند کرنے کیلئے مئوثر اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کے پلیٹ فارم سے پاکستان کے مظلوم عوام کے مسائل حل کیلئے عملی کوششیں کی جارہی ہیں۔

## ایم کیو ایم نیو کراچی، گلشن اقبال اور کورنگی سیکٹر کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔5، مئی 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم نیو کراچی سیکٹر یونٹ 142 کے فنانس سیکریٹری محمد ظہیر کے والد محمد شبیر، ایم کیو ایم گلشن اقبال سیکٹر یونٹ B-67 کے کارکن منور پاشا کی والدہ محترمہ خیر النساء اور ایم کیو ایم کورنگی سیکٹر یونٹ 69 کے کارکن محمد بشیر کے صاحبزادے محمد یوسف کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔

☆☆☆☆☆